© rasailojaraid.com

پروفیسر محمد رفیق اذفرؔ

سرورِ عالم ﷺ

جمالِ سیدِ کونین تنویرِ حقیقت ہے
کہ فیضِ نورِ وحدت مطلعِ مہرِ رسالت ہے

وہ ممدوحِ صَمَد ہے مظہرِ آئینِ ربّانی
قسیمِ کوثر و بحرِ عطاء و ابرِ رحمت ہے

بقدرِ الفِ الفِ مَرَّۃ جائے دورد اُن پر
اُسی اک محسنِ اعظم کی انساں پر عنایت ہے

محیطِ عالمِ امکاں، نگینِ خاتمِ دوراں
مُصدَّق سورۂ یٰسین میں اُن کی سیادت ہے

فرازِ ذروۂ عالَم سے اُتری ہے مہک گویا
شمیمِ جنّتُ الماؔویٰ محمد ﷺ کی شریعت ہے

یمینِ عرشِ اعظم سجدۂ پُرسوز کے صدقے
مقدّر نوعِ انساں کو تری کُبریٰ شفاعت ہے

کسی کی مَقدرَت کیا تھی ہدایت یاب ہو جائے
یہ دنیا جس سے روشن ہے تری شمعِ ہدایت ہے

جنھیں ایمان کی کِبریتِ اَحمر مل گئی، سمجھو
ودیعت حضرتِ حق سے انھیں شرفِ سعادت ہے

تُرابِ نور میں چل کر جو فرشِ عرش سے اُترے
اُنہی قدموں کی مِٹّی غازۂ روئے ولایت ہے

چمن زارِ شریعت سے سنن کی ڈالیاں لے لو
گُل اندوزی یہی اے دل! بہائے دارِ جنّت ہے

کُلاہِ سروری زیبا تجھے اے سرورِ عالم
ریاضِ منتہائے سدرہ میں تیری ضیافت ہے

ہوا سیراب اذفرؔ التفاتِ چشمِ ساقی سے
یہ خود رائی نہیں واللہ، فقط تحدیثِ نعمت ہے

© rasailojaraid.com